ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا مسیحی قبرستانوں کا دورہ۔

مسیحی برادری کے مذہبی تہوار مرحومین کی عید کے حوالے سے صفائی ستھرائی کا جائزہ۔

منتخب بلدیاتی نمائندے بلاتفریق رنگ ونسل ومذہب بلدیاتی خدمات فراہم کررہے ہیں۔چیئرمین محمد یوسف

جماعت اسلامی کے نمائندے مذہبی رواداری واحترام پر یقین رکھتے ہیں،چیئرمین محمد یوسف

مورخہ: 29 /اکتوبر 2024ء

کراچی ( )چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا مسیحی برادری کے مقدس تہوار مرحومین کی عید کے حوالے سے نیو کراچی ٹاؤن میں قائم مسیحی قبرستانوں میں جاری صفائی ستھرائی اور روشنی کے انتظامات کا جائزہ۔اس موقع پر اقلیتی کمیٹی نیو کراچی ٹاؤن کے چیئرمین عامر روجر بھٹی،انجینئر بی اینڈ آر فیصل صغیر،انجینئر صفدر ودیگر افسران بھی موجود تھے،چیئرمین محمد یوسف نے مسیحی قبرستانوں میں صفائی ستھرائی کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ منتخب بلدیاتی نمائندے بلاتفریق رنگ ونسل ومذہب بلدیاتی خدمات فراہم کررہے ہیں۔ہم مذہبی رواداری واحترام پر یقین رکھتے ہیں،اقلیتی برادری ہمارے لئے قابل قدر اوران کے مذہبی تہوار پر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ مسیحی ملازمین کی تنخواہیں بھی جلد ادا کردی جائیں گی تاکہ مسیحی ملازمین کو اپنے تہوار پر کسی قسم کی مالی مشکلات پیش نا آئیں،مسیحی تہوار مرحومین کی عید کے دن زائرین اپنے مرحومین کی قبروں پر بڑی تعداد میں جاتے ہیں اور عقیدت واحترام کے ساتھ دعاخیر کرتے ہیں ٹاؤن انتظامیہ بھی مسیحی برادری کے تہوار پر کاموں میں مصروف ہے اس حوالے سے مسیحی قبرستان جانے والے راستوں کو ہموار کیا جارہا ہے جبکہ صفائی ستھرائی کے ساتھ روشنی کے خصوصی انتظامات بھی کئے جارہے ہیں تاکہ قبرستان آنے والے زائرین کو کسی قسم کی دشواری پیش نا آئے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن